SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر I مجریہ 2000
SINDH ORDINANCE NO.I OF 2000

سندھ پبلک سروس کمیشن (ترمیم) آرڈیننس، 2000
THE SINDH PUBLIC SERVICE COMMISSION (AMENDMENT) ORDINANCE, 2000

(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
1. مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
2. سندھ ایکٹ XI مجریہ 1999 کی دفعہ5 کی ترمیم
Amendment of section 5 of Sindh Act XI of 1999

سندھ آرڈیننس نمبر I مجریہ 2000
SINDH ORDINANCE NO.I OF 2000

سندھ پبلک سروس کمیشن (ترمیم) آرڈیننس، 2000
THE SINDH PUBLIC SERVICE COMMISSION (AMENDMENT) ORDINANCE, 2000

تمہید (Preamble)

[۱۵ مارچ 2000]

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ پبلک سروس کمیشن ایکٹ، 1989 میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ پبلک سروس کمیشن ایکٹ، 1989 میں ترمیم کرنا مقصود ہے جس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا ؛

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی 14 اکتوبر 1999 والے اعلان کے تحت اور پرووِیزنل کانسٹیٹوشن آرڈر نمبر 1 کے مطابق معطل ہے؛

اور جیسا کہ گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ صورتحال میں فوری اقدام لینا ضروری ہے۔

لہذا اب مندرجہ بالا اعلان اور پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن آرڈر کے ساتھ پڑھیں 1999 کے پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن (ترمیم) آرڈر نمبر 9 اور اس سلسلے میں ملے ہوئے تمام اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے چیف ایگزیکیوٹو کی ہدایت پر سندھ کا گورنر مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ فرماتا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

1. (1) اس کے آرڈیننس کو سندھ پبلک سروس کمیشن (ترمیم) آرڈیننس، 2000 کہا جائے گا۔
(2) یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

سندھ ایکٹ XI مجریہ 1999 کی دفعہ5 کی ترمیم
Amendment of section 5 of Sindh Act XI of 1999

2. سندھ پبلک سروس کمیشن ایکٹ، 1989 کی دفعہ 5، ذیلی دفعہ (2) میں دوسرے شرطیہ بیان کے بعد مندرجہ ذیل نئے شرطیہ بیان کا اضافہ کیا جائے گا:

”حکومت عوامی مفاد کو نظر میں رکھتے ہوئے کسی انفرادی کیس کے لئے مروجہ شرائط و ضوابط کے تحت تقرری کی اجازت دے سکتی ہے۔ بصورت جب کسی میمبر کے استعیفیٰ دینے یا ملازمت کی مدت پوری ہونے کی صورت میں اگر عہدہ خالی ہو۔“

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔